حکومت متعدد بلدیات میں علاقائی انفیکشن کنٹرول کے اقدامات متعارف کرا رہی ہے

حکومت اوسلو اور وکین اور انلاندے کی متعدد بلدیات میں علاقائی اقدامات متعارف کرا رہی ہے تاکہ وائرس کی نئی قسم اومیکرون کے پھیلاؤ میں تاخیر اور محدود کیا جا سکے ۔

انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد وبا پر قابو پانا ہے۔ ہمیں بلدیات میں خدمات صحت کی صلاحیت کا تحفظ کرنا پڑے گا جو اومیکرون کے انفیکشن کے پھیلنے سے متاثر ہوسکتی ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ ہم ان علاقوں میں رابطے اور نقل و حرکت کو فوری طور پر محدود کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم لوگوں کی زندگیوں پر غیر ضروری پابندیاں عائد نہیں کرنا چاہتے۔ لیکن ضرورت پڑنے پر حکومت سخت اقدامات کرے گی،" وزیر اعظم یونس گہاراستورے نے کہا۔

ایک کرسمس پارٹی کے سلسلے میں اوسلو میں اومیکرون کے انفیکشن کے ایک بڑے پھیلاؤ کی تصدیق ہوئی ہے۔ اوسلو اور دارالحکومت کے آس پاس کی بلدیات کے لوگوں نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ اوئی گارڈن میں اور جنوبی افریقہ سے ناروے آنے والے کچھ مسافروں میں اومیکرون کے انفیکشن کی تصدیق کی گئی ہے۔

تیزی سے پھیلتا ہے

ادارہ برائے صحت عامہ کا خیال ہے کہ اس تقریب سے وابستہ وسیع پھیلاؤ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اومیکرون میں پھیلنے کی صلاحیت زیادہ ہے اور یہ ممکن ہے کہ انفیکشن کے پھیلاؤ کے لحاظ سے ویکسین کا اثر کم ہو۔ اب تک یہ نتیجہ اخذ نہیں کیا گیا ہے کہ آیا اومیکرون زیادہ سنگین بیماری کا باعث بنتا ہے یا نہیں۔ شاید ویکسین سنگین بیماری کے خلاف تحفظ فراہم کرتی ہے ، لیکن تحفظ کی حد غیر یقینی ہے.

"ہمیں مزید علم کی ضرورت ہے۔ علاقائی اقدامات سے ہم ناروے میں اومیکرون کے پھیلاؤ میں اس وقت تک تاخیر کریں گے جب تک زیادہ تر عمر رسیدہ افراد کو ویکسین نہیں لگ جاتی اور جب تک کہ ہم مزید معلومات حاصل نہ کر لیں۔ اس کے علاوہ ہمارے ملک میں عام طور پر, جبکہ خاص طور پر اوسلو اور وکین میں انفیکشن کا پھیلاؤ بڑھ رہا ہے اور ان اقدامات سے انفیکشن کے عمومی پھیلاؤ کو بھی محدود کیا جائے گا۔" صحت اور نگہداشت کی خدمات کی وزیر انگولڈ شرکول کہتی ہیں۔

علاقائی اقدامات اومیکرون کی جاری وبا سے متاثرہ بلدیات میں متعارف کیے جا رہے ہیں اور جہاں صحت کی خصوصی خدمات پر بھی دباؤ بڑھ چکا ہے ۔ آکرہوس یونیورسٹی اسپتال کے ذیلی علاقے سے تعلق رکھنے والی بلدیات شامل ہیں۔ ان میں سے کئی بلدیات ایک ہی رہائشی اور ملازمتی خطے کا حصہ ہیں جہاں بہت زیادہ نقل و حرکت ہے۔

منتخب بلدیات میں ضوابط کے ساتھ مندرجہ ذیل علاقائی اقدامات متعارف کرائے گئے ہیں:

- فیس ماسک کا لازمی استعمال جہاں دکانوں، خریداری مراکز، ریستوران، پبلک ٹرانسپورٹ، انڈور اسٹیشن علاقوں اور ٹیکسیوں میں کم از کم ایک میٹر فاصلہ رکھنا ممکن نہ ہو۔ چہرے کا ماسک پہننے کی ذمہ داری 12 سال سے کم عمر کے بچوں یا ان لوگوں پر لاگو نہیں ہوتی جو طبی یا دیگر وجوہات کی بنا پر

چہرے کا ماسک نہیں پہن سکتے۔ یہ بھی سفارش کی جاتی ہے کہ ماسک پہنیں جہاں بہت سارے لوگ اکٹھے ہوں اور فاصلہ برقرار رکھنا مشکل ہو، مثال کے طور پر، جب کسی تقریب کے بعد اپنی جیکٹ اٹھاتے وقت یا بہت سے دوسرے لوگوں کے ساتھ فٹ بال اسٹیڈیم سے باہر جاتے ہوئے۔ مستقل طور پر تفویض شدہ نشستوں پریا ریستوران میں میز پر بیٹھے ہوئے ماسک پہننے کی پابندی لاگو نہیں ہوتی ہے۔

- ایک حکم امتناعی جس کے کے مطابق جہاں اہم اور ضروری خدمات پر سمجھوتہ کیے بغیر گھر سے دفتری امور ممکن ہوں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ملازمین ہفتے کے تمام دن یا کچھ حصے گھر سے کام کریں۔ مثلا ایسا کیا جا سکتا ہے کہ ملازمین آدھے وقت گھر سے کام کریں۔
- عوامی جگہ پر یا کرائے کے/ ادھار احاطے میں نجی تقریبات کے لئے 100 افراد تک کی پابندی ۔
- ریستوران اور منتظمین کے لئے مہمانوں کا اندراج کرنے کی ذمہ داری تاکہ انفیکشن کی صورت میں مہمانوں کو مطلع کیا جاسکے۔
- لائسنس یافتہ ریستوران اور تقریبات میں میزپر شراب پیش کرنے کے تقاضے
- لائسنس یافتہ ریستوران اور تقریبات میں بیٹھنے کی جگہ ,نشستوں کے تقاضے
- مستقل طور پر تفویض شدہ نشستوں کے بغیر انڈور ایونٹس کے لئے 600 تک (200 کے گروپ میں) کی پابندی ۔

مندرجہ ذیل بلدیات علاقائی اقدامات سے متعلق ضوابط کے تحت شامل ہیں:

- اوسلو
- اسکر
- بیروم
- گروے
- کونگسونگر
- شمالی اودل
- جنوبی اودل
- آئیدسکوگ
- ہو ردا ل
- نا نے ستاد
- اولنساکر
- یاردرم
- نیس
- لورینسکوگ

- لیلے ستروم
- رارلنگ
- اورسکوگ۔ہولاند
- اینیبک
- شمالی فولو
- اوس
- نیسودن
- فروگن

علاقائی اقدامات نصف شب جمعہ 3 دسمبر 2021 سے نافذ ہوں گے۔ یہ اقدامات ابتدائی طور پر 14 دن تک جاری رہیں گے۔